نظامت اعلیٰ زرعی اطلاعات پنجاب

21۔ڈیوس روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, E.mail:mediaresearch34@gmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

محکمہ زراعت پنجاب نے آم کی گدھیڑی کے کنٹرول بارے سفارشات جاری کر دیں۔

لاہور:19 نومبر 2025( ) ترجمان محکمہ زراعت پنجاب کے مطابق باغبان نومبر سے اپریل تک چھتری کے نیچے بڑے قد کی جڑی بوٹیوں کوتلف کر دیں تا کہ گدھیڑی ان کے ذریعے درخت پر نہ چڑھ سکے۔نومبر میں زمین میں گوڈی کے ذریعے انڈوں کوتلف کیا جائے اور پرمیتھرین کا پاوڈر کا دھوڑ دیا جائے۔دسمبر میں آم کی گدھیڑی کے انڈوں سے بچے نکلنے کا عمل شروع ہوجاتا ہے اس لیے تنے کے گرد گوڈی کر کے پروفینوفاس کا سپرے کریں،تا کہ بچے انڈوں سے نکلتے ہی زہر کے اثر سے مرجائیں اوراس سپرے کو ہفتے بعد دہرائیں۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب نے مزید کہا کہ باغبان ماہ نومبر میں تنوں پر 30 سینٹی میٹر اونچائی پرمٹی اورتوڑی بلا کر لیپ لگائیں تا کہ تنوں کی سطح ہموار ہو جائے۔لیپ لگانے کے بعد پھسلن والے پھندے(20 سینٹی میٹر چوڑی پلاسٹک شیٹ)لگائیں اور گدھیڑی کو درخت پر چڑھنے سے روکنے کے لئے اس شیٹ کے درمیان گریس کی ایک تہہ لگا دیں۔اس شیٹ کے نیچے گدھیڑی اوپر چڑھنے کی کوشش میں اکٹھی ہو جاتی ہے جس کے فوری کیمیائی تدارک کے لئے پروفینوفاس بحساب 300 ملی لٹرفی 100 لٹرپانی سپرے کریں۔یہ عمل ہر پانچویں دن دہرایا جائے تا کہ اس کیڑے کو پودے کے اوپر جانے سے مکمل طور پر روکا جاسکے

☆☆☆☆